سوال

(18)اہل بیت کون ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں کونسے لوگ شامل ہیں؟ رافضی صرف سیدنا علی رضی اللہ عنہ اوران کے گھروالوں کواہل بیت سمجھتے ہیں اوراس کے ثبوت میں آیت مباہلہ پیش کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو عیسائیوں سے مباہلے کےلئےاپنے اہل بیت کولے آنے کا حکم دیا توآپ صلی اللہ علیہ وسلم صرف سیدنا علی رضی اللہ عنہ اورسیدہ فاطمہ اورحضرات حسنین رضوان اللہ علیہم کولے کرآئے تھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل بیت میں آپ کی بیویاں، بیٹیاں، نواسیاں، نواسے، سب شامل ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کوبھی ان میں شامل کیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج2ص70

محدث فتویٰ